
# Pakistan Super League (PSL)

**نصف پاکستانیوں 50٪ نے پاکستان سپر لیگ کی کسی مخصوص ٹیم کے لیے اپنی پسندیدگی کا اظہار نہیں کیا؛ تاہم جنہوں نے پسندیدگی ظاہر کی،ان میں لاہور قلندرزسرفہرست رہی 17٪ ، اس کے بعداس حوالےسےزیادہ شرح کراچی کنگز 1٪ اور پشاور زلمی 10٪ کی پائی گئی ۔**

برائے مہربانی بتائیں کہ پاکستان سپر لیگ میں آپ کی پسندیدہ ٹیم کون سی ہے؟




Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## کھیل

پاکستان سپر لیگ (PSL) / عوامی ترجیحات

## نصف پاکستانیوں (50%) نے پاکستان سپر لیگ کی کسی مخصوص ٹیم کے لیے اپنی پسندیدگی کا اظہار نہیں کیا؛ تاہم جنہوں نے پسندیدگی ظاہر کی، اُن میں لاہور قلندرز سرفہرست رہی (17%) ، اس کے بعد اس حوالے سے زیادہ شرح کراچی کنگز (11%) اور پشاور زلمی (10%) کی پائی گئی۔

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**


(اسلام آباد، 20 اپریل 2026)

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، نصف پاکستانیوں (50%) نے پاکستان سپر لیگ (PSL) کی کسی مخصوص ٹیم کے لیے اپنی پسندیدگی کا اظہار نہیں کیا، جبکہ وہ افراد جنھوں نے کسی ٹیم کیلئے اپنی پسندیدگی ظاہر کی، اُن میں لاہور قلندرز 17% شرح کے ساتھ سب سے مقبول ٹیم کے طور پر سامنے آئی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **برائے مہربانی بتائیں کہ پاکستان سپر لیگ (PSL) میں آپ کی پسندیدہ ٹیم کون سی ہے؟**"۔اس سوال کے جواب میں، وہ افراد جنھوں نے کسی ٹیم کیلئے پسندیدگی ظاہر کی، اُن میں 17% نے ''لاہور قلندرز'' کا نام لیا، اس کے بعد اس حوالے سے زیادہ شرح ''کراچی کنگز'' (11%) اور ''پشاور زلمی'' (10%) کی پائی گئی۔ کم شرح نے ''ملتان سلطانز'' (5%)، ''اسلام آباد یونائیٹڈ'' (4%) اور ''کوئٹہ گلیڈی ایٹرز'' (2%) کا نام لیا، جبکہ دیگر ٹیموں کا ذکر نہایت کم رہا۔ 45% افراد کو اس حوالے سے ''معلوم نہیں'' تھا جبکہ 5% نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا، جو ظاہر کرتا ہے کہ پاکستان کی اکثریت کسی پاکستان سپر لیگ (PSL) ٹیم کے ساتھ مضبوط وابستگی نہیں رکھتی۔

یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ اگرچہ پاکستان سپر لیگ کے بارے میں آگاہی وسیع پیمانے پر موجود ہے، تاہم پاکستان کی اکثریت کسی مخصوص ٹیم کے لیے اپنی پسندیدگی ظاہر نہیں کرتی، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ٹیم کی بنیاد پر وابستگی قومی سطح پر ابھی محدود ہے۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ پاکستان سپر لیگ (PSL) میں آپ کی پسندیدہ ٹیم کون سی ہے؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 787 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 3 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2%± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔


**جنس کے اعتبار سے نتائج:** جنس کے اعتبار سے نتائج یہ ظاہر کرتے ہیں کہ مرد حضرات PSL ٹیموں کے حوالے سے نسبتاً زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں۔ مرد حضرات میں، 41% شرح کو اس حوالے سے "معلوم نہیں"، جبکہ خواتین میں یہ شرح 49% پائی گئی۔ پسندیدہ ٹیموں میں "لاہور قلندرز" دونوں گروپس میں سرفہرست رہی (مرد حضرات میں 15%، خواتین میں 18%)، جبکہ خواتین کی نسبت مرد حضرات میں اسلام آباد یونائیٹڈ اور پشاور زلمی کا رجحان زیادہ پایا گیا۔

یہ رجحان ظاہر کرتا ہے کہ PSL کے حوالے سے، خاص طور پر کسی مخصوص ٹیم کی وابستگی کے معاملے میں، مرد حضرات کی دلچسپی زیادہ ہے، جبکہ خواتین نسبتاً زیادہ غیر جانبدار یا غیر فیصلہ کن رہتی ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے نتائج:** عمر کے اعتبار سے نتائج ٹیموں میں دلچسپی اور پسندیدگی کے حوالے سے واضح فرق ظاہر کرتے ہیں۔ نوجوان افراد (30 سال سے کم عمر) نسبتاً زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں، 40% نے کسی ٹیم کیلئے پسندیدگی ظاہر نہیں کی، جبکہ پسندیدگی کا اظہار کرنے والوں میں "پشاور زلمی" (16%) اور "لاہور قلندرز" (13%) سرفہرست رہیں۔ اس کے برعکس، 60 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد میں دلچسپی سب سے کم پائی گئی، جس میں 62% شرح نے کسی ٹیم کیلئے پسندیدگی ظاہر نہیں کی۔ جنہوں نے پسندیدگی ظاہر کی، ان کی ترجیحات مختلف ٹیموں میں تقسیم شدہ رہی، تاہم اسلام آباد یونائیٹڈ کی شرح (9%) معمولی زیادہ رہی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 20th April 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)